# 124206 ـ روزے کی حالت میں مصنوعی آکسیجن استعمال کرنا

**سوال**

کچھ مریض سانس میں تنگی کی بنا پر مصنوعی آکسیجن استعمال کرنے کے ضرورتمند ہوتے ہیں کیا یہ روزے پر اثرانداز ہوتی ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

بعض مریضوں کو آکیسجن لگائی جاتی ہے یہ روزے کو باطل نہیں کرتی، کیونکہ آکسیجن میں کسی اور مادے کا اضافہ نہیں کیا جاتا تو اس کا حکم طبعی سانس کا ہو گا.

اس لیے مجمع الفقہ الاسلامی کی قرار ہے:

" درج ذيل امور مفطرات يعنى روزہ توڑنے والی اشياء ميں شامل نہيں ہوتيں..... آكسيجن گيس " انتہى

ديكھيں: ميگزين مجمع الفقہ الاسلامى ( 10 / 2 / 96 ـ 454 ).

اور ديكھيں: مفطرات الصيام المعاصرة تاليف ڈاكٹر احمد خليل صفحہ نمبر ( 50 ).

واللہ اعلم .